© rasailojaraid.com



پر کوئی حکم نہیں لگایا جاسکتا۔‘‘

’’قرآنی معجزات اور جدید سائنس‘‘ میں فلسفیانہ اور نہایت وقیع مضامین پیش کیے گئے ہیں۔اس خوبصورت مجلد کتاب کی قیمت ۲۵۰ روپے اہل ذوق کے لیے کچھ بھی نہیں۔(تبصرہ: پروفیسر محمود الحسن)

❑ کتاب: مقام عورت قرآن وحدیث میں اور فتنۂ حقوق وآزادیٔ نسواں

مصنف: عبدالرشید ارشد ضخامت: ۸۰ صفحات قیمت: ۵۰ روپے

ناشر: شعبۂ تحقیق وتالیف، النور ٹرسٹ رجسٹرڈ۔ جوہر آباد

مغرب کے لوگ اپنی مخلوط سوسائٹی سے مایوس ہو رہے ہیں۔جس میں بڑھتے ہوئے جرائم، خاندانی نظام کی تباہی، منشیات اور شراب نوشی عام ہے۔جب کہ اسلام مرد اور عورت دونوں کے لیے علیحدہ علیحدہ دائرہ کار تجویز کرتا ہے۔جو دونوں کے فطری تقاضوں اور ضرورتوں کے عین مطابق ہے۔افسوس کی بات یہ ہے کہ مغرب جس عذاب سے تنگ آ کر اس سے جان چھڑانے کی کوشش میں مصروف ہے‘مغرب زدہ پاکستانی خواتین اس عذاب کو گلے لگا کر بہت خوش ہو رہی ہیں۔ جناب عبدالرشید ارشد نے اس کتاب میں قرآن وحدیث کی روشنی میں مسلمان معاشرے میں عورت کا صحیح مقام واضح کیا ہے۔بے پردگی وبے حیائی اور ثقافتی یلغار کے دور میں ایسی کتاب کی اشاعت یقیناً ایک جہاد ہے۔

❑ کتاب: خطباتِ جمعیت مرتب: مولانا مومن خان عثمانی

ضخامت: ۴۴۸ صفحات قیمت: ۱۷۰ روپے ناشر: دارالکتاب‘ کتاب مارکیٹ۔غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

برصغیر پاک و ہند میں اسلام کی ترویج واشاعت کے حوالے سے علمائے دیوبند کا کردار بہت اہم رہا ہے۔ہزاروں علماء نے پھانسی کے پھندوں کو چوم کر اعلائے حق کا فریضہ انجام دیا۔پاکستان میں اسی تسلسل کی ایک کڑی جمعیت علماء اسلام ہے۔جس کے اکابر میں مولانا محمود حسن دیوبندی، مولانا سید حسین احمد مدنی، مولانا احمد علی لاہوری، مولانا غلام غوث ہزاروی، مولانا مفتی محمود، مولانا عبداللہ درخواستی جیسے بے باک علمائے حق شامل ہیں۔کتاب زیرنظر ایسے ہی جید علماء کے ۲۳ خطبات پر مشتمل ہے۔علمی، تاریخی اور سیاسی معلومات کا بہترین ذخیرہ ہیں۔کتاب خوبصورت رنگین ٹائٹل کے ساتھ شائع کی گئی ہے۔

❑ کتاب: زندگی مصنف: مفکرِ احرار چودھری افضل حق رحمہ اللہ

ضخامت: ۲۱۶ صفحات قیمت: ۶۰ روپے ناشر: ’’المیزان‘‘ الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

یہ کتاب گورکھ پور جیل میں تصنیف کی گئی۔وہاں مفکرِ احرار چودھری افضل حق کی قید کی تنہائیوں کا واحد مشغلہ یہی تصنیف تھی۔آئینِ شریعت لے کر آنے والے نے عمل اور پاداشِ عمل کی حقیقت کو جن طریقوں سے انسان کو ذہن نشین

© rasailojaraid.com